قارئین الحق سے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔

☆ حاجی گل عزیز آف پشاور ۱۰ر جون کو حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے رحلت فرما گئے، موصوف راقم کی والدہ کے قریبی عزیز تھے۔ان تمام مرحومین کی رفع درجات کیلئے قارئین الحق سے دعاؤں کی اپیل ہے اور پسماندگان سے جامعہ وادارہ دلی تعزیت کرتا ہے۔

☆ مردان کے مشہور سیاسی اور مذہبی رہنما اور جمعیت (س) کے دیرینہ لیڈر جناب حافظ حسین احمد انتقال فرما گئے۔مرحوم ضلع مردان کے بڑی شخصیات میں ایک تھے۔حضرت مہتمم صاحب بمعہ وفد تعزیت کیلئے ۶ر جولائی کو عید الفطر کے دن تعزیت کیلئے تشریف لے گئے۔

☆ شعبہ کمپیوٹر کے جناب فضل حق آصف کے چچازاد بھائی خالد جمیل ۹ جولائی کو لاہور میں انتقال کر گئے مرحوم کا جنازہ ۱۰ جولائی کو صبح ۷ بجے کنٹونمنٹ ہسپتال نوشہرہ کینٹ کے ساتھ ادا کیا گیا اور تدفین آبائی قبرستان نوشہرہ میں کی گئی۔قارئین سے دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔

☆ شیخ الحدیث مولانا عبدالحلیم صاحب پیر بابا جی کے بھانجے اور داماد مولانا انوارالحق عرف گل مولانا یکم اگست کو انتقال کر گئے۔مرحوم کا نماز جنازہ دارالعلوم حقانیہ میں ادا کیا گیا جبکہ تدفین آبائی گاؤں اوچ ضلع دیر میں کی گئی۔

☆ جمعیۃ علماء اسلام کے مرکزی نائب امیر جناب ظہیر الدین بابر کے والد مرحوم اور غازی الدین بابر کے دادا لاہور میں انتقال فرما گئے۔قارئین سے مرحوم کے حق میں دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔

دعائے صحت کی اپیل

حضرت مولانا سمیع الحق کے رفیق سفر و حضر مولانا سید احمد شاہ اسلام آباد ہسپتال میں داخل ہیں،قارئین الحق سے ان کیلئے دعائے صحت کی خصوصی درخواست ہے۔

دارالعلوم کے اساتذہ کرام کا سفر حرمین شریفین

الحمدللہ حسب سابق دارالعلوم حقانیہ سے ماہ رمضان کے مقدس مہینے میں حرمین شریفین جانے والے اساتذہ کرام میں امسال بھی یہ عظیم سعادت حاصل کی۔جس میں نائب مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا انوارالحق ، شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحلیم دیر بابا جی،مولانا سعید الرحمٰن،مولانا سید محمد یوسف شاہ ،مولانا سلمان الحق ،مولانا مفتی شیر عالم ،مولانا بلال الحق عابد،مولانا بلال الحق اور مولانا انعام الحق صاحبان وغیرہ شامل ہیں۔